22 مئی 2026ء

سرکاری ڈیوٹیز/ٹیکس کی ہفتہ اور اتوار، 23 اور 24 مئی 2026ء کو وصولی

ٹیکس دہندگان کو سرکاری ڈیوٹیوں اور ٹیکسوں کی بذریعہ کاؤنٹر ادائیگی میں سہولت دینے کی غرض سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی درخواست پر فیصلہ کیا گیا ہے کہ **کمرشل بینکوں کی وہ تمام شاخیں (بشمول کسٹمز وصولی سے نمٹنے والی نیشنل بینک کی شاخیں) جو ہفتے کو کھلی رہتی ہیں**، وہ **ہفتہ 23 مئی** اور **اتوار 24 مئی 2026ء** کو **صبح 9.00** بجے سے **سہ پہر 3.00** بجے تک کھلی رہیں گی۔

مزید برآں، بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی متعلقہ برانچیں **24 مئی 2026ء** کو اُس وقت تک کھلی رکھیں جب تک نِفٹ کو سرکاری ٹرانزیکشن کے لیے خصوصی کلیئرنگ میں سہولت درکار ہو۔

بینک یہ بھی یقینی بنائیں گے کہ سرکاری ڈیوٹیز اور ٹیکسوں کی آن لائن ادائیگی میں سہولت دینے کے لیے آن لائن ادائیگی کے ذرائع یعنی انٹرنیٹ بینکنگ، موبائل ایپلی کیشن، اے ٹی ایم، اور دیگر ڈجیٹل پلیٹ فارم بلا تعطل خدمات فراہم کرتے رہیں۔

****